# ٹیچرز گائیڈ

Class 5

# شاہ زین کا باغ



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ
- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے اُن کے پالتو جانوروں کے بارے میں بات چیت کریں۔ مثلاً:
  - بچوں سے پوچھیں کہ کس کس کے پاس پالتو جانور ہیں۔ کون کون سے جانور ہیں۔
  - یہ جانور گھر میں کون لایا؟ انہیں کون سنبھالتا ہے؟
  - یہ جانور کیا کھاتا ہے؟ کہاں رہتا ہے؟
  - ان کی کیا عمریں ہیں؟
  - آپ ان کے ساتھ کھیلتے ہیں؟
  - مختلف پالتو جانوروں کے نام وغیرہ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

10 منٹ
- کتاب پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ تصویروں کے بارے میں بات چیت کریں۔
  - آپ نے یہ تمام جانور دیکھے ہیں۔
  - آپ کے خیال میں سب سے مختلف اور منفرد جانور کون سا ہے۔
  - آپ کے خیال میں کہانی میں جو جانور ہیں وہ کیا کھاتے ہیں۔

10 منٹ
- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک کولم میں کہانی کے جانور کے نام لکھیں۔ دوسرے کولم میں ان کی خوراک۔ بچے یہ کام اپنی کاپیوں میں کریں۔

### ہوم ورک

10 منٹ
- ایسے جانور کے بارے میں جو ناپید (extinct) ہو گیا ہے booklet بنائیں۔ اس میں اس جانور کی تصویر لگائیں یا بنائیں۔ اس کے بارے میں لکھیں۔
  - جانور کا نام - اسے اور کون سے جانور کھاتے تھے
  - وہ کیا کھاتا تھا - سیشن 6 میں booklets کلاس میں display ہوں گی
  - کیوں ناپید ہوا

# سیشن 2

10 منٹ
- 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ چڑیا گھر گئے ہیں۔ اگر گئے ہیں تو:
  - وہاں انہوں نے کون کون سے جانور دیکھے۔
  - کون سے جانور ان کو پسند آئے۔
  - کن سے ان کو ڈر لگا۔
  - مختلف جانور کس طرح کے جنگلے میں بند تھے۔

15 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ:
  - جانوروں کو غذا کی بنیاد پر دو اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ گوشت خور اور سبزی خور۔
  - بچوں سے مختلف جانوروں کے نام اس تقسیم کی بنا پر پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

| گوشت خور | سبزی خور |
|---|---|
| شیر | گائے |
| مگرمچھ | بکرا |
| مینڈک | زیبرا |
| بلی | گھوڑا |
| کتا | زرافہ |

## ہوم ورک

5 منٹ
- امی یا ابو کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔

# سیشن 3

10 منٹ

- 6 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

30 منٹ

- بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے سوال اپنی کوپی میں اتاریں اور کتاب دیکھ کر جواب لکھیں۔

1. کچی کو اور لش پش کون تھے؟
2. سمپورنا کو دیکھ کر کون کون اس کے پیچھے ہو لیا تھا؟
3. سمپورنا کس سے ڈرتا تھا؟
4. گرگٹ باغ میں کہاں رہتا تھا؟
5. شاہ زین کے باغ کے دوست آپ کے خیال میں گھر کے اندر کیوں نہیں آتے تھے؟
6. شاہ زین کے باغ کے دوستوں میں کون سے گوشت خور جانور ہیں؟

## ہوم ورک

5 منٹ

- خول، خار پشت، ٹہلتے، گرگٹ، گھنی، بالکل، پیچھے، چھوڑ چھاڑ، بوگن ولا، سنتری دیے ہوئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق آئسکریم کی sticks کا انتظام کریں۔ سفید چارٹ پیپر کے "8 x 8" کے ٹکڑے، کلر پینسل، crayon ، قینچی اور گوند کا انتظام کریں۔

# سیشن 4

**15 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔
  - املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**30 منٹ**

- جانوروں کے puppets بنوائیں۔
  - بچوں کو کارڈ پیپر دیں۔
  - بچے کسی بھی جانور کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔
  - قینچی سے کاٹ کر جانور کا کٹ آؤٹ (cutout) بنائیں۔
  - گوند سے آئسکریم sticks پر چپکائیں۔
  - جب puppets تیار ہو جائیں تو ان پر اپنا نام لکھیں۔
  - بچوں سے puppets لے کر سیشن 5 کے لئے رکھ لیں۔

# سیشن 5

**15 منٹ**

- بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ پر کہانی میں دیئے گئے جانوروں کے نام بچوں سے پوچھ کر لکھیں۔ ساتھ ساتھ انگریزی میں ترجمہ بھی لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| chick | چوزا | duck | بطخ |
| hen | مرغی | porcupine | خارپشت |
| turtle | کچھوا | chameleon | گرگٹ |
| | | rooster | مرغا |

25 منٹ
- بچوں کو ان کے بنائے ہوئے puppets دیں اور role play کروائیں۔
  - رول پلے انسانوں اور جانوروں کے conflict کے بارے میں کروائیں۔
  - جانور اپنے survival اور habitat کو بچانے کے لئے انسان سے لڑ رہے ہیں۔ لڑائی بات چیت کے ذریعے طے کریں۔
  - بات چیت کے دوران puppets کو استعمال کریں۔
  - بچوں کے گروپ بنائیں۔ کچھ بچے جانوروں کا کردار کریں اور کچھ انسانوں کا۔

## ہوم ورک

5 منٹ
- بچوں کو یاد دلائیں کہ انہیں سیشن 6 میں booklets لانی ہیں۔

# سیشن 6

25 منٹ
- بچے کوپی نکالیں۔ اپنے پالتو جانور پر مضمون لکھیں۔
  - مضمون لکھنے میں مدد کے لئے نیچے دیئے گئے points بورڈ پر لکھیں۔
  - جانوروں کا نام جو آپ نے اسے دیا۔
  - کہاں سے آیا / کس نے دیا۔
  - اس کی عمر کیا ہے۔
  - کس رنگ کا ہے۔

- جسم پر بال ہیں یا نہیں۔
- کوئی ایسی خاصیت جس سے پہچانا جاتا ہو۔
- کیا کھاتا ہے۔

10 منٹ • چند بچوں سے ان کا مضمون پڑھوائیں۔

10 منٹ • ناپید جانور پر بچوں کی بنائی ہوئی booklets کلاس میں display کریں۔

# شاہ زین کا باغ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk